سالانہ امتحان 2024ء/1445ھ
کنزالمدارس بورڈ پاکستان
درجہ: خاصہ سال دوم | پرچہ: پہلا | مضمون: علوم القرآن+التفسیر
تاریخ: 12-02-2024 | دن: پیر | کل وقت: 2 گھنٹے 30 منٹ | کل نمبر: 75

رول نمبر: _____

جوابی کاپی نمبر: _____

حصہ انشائیہ:

مختصر سوالات (Short Questions)

نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔ (15x3=45)

سوال نمبر 1: علم تفسیر کی تعریف عربی میں تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 2: مکی اور مدنی سورتوں کی پہچان کے متعلق دو فوائد ذکر کیجئے۔

سوال نمبر 3: اسباب نزول کی پہچان کے دو فوائد تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 4: جن چار انصاری صحابہ نے عہد رسول میں قرآن کو جمع کیا تھا ان کے نام تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 5: قراءت متواترہ کی تعریف عربی میں تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 6: حدر کی تعریف عربی میں تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 7: "عن أم سلمة رضي الله عنها أنها نعتت قراءة النبي قراءة مفسرة حرفا حرفا" مذکورہ عبارت کا ترجمہ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 8: قرآن پاک کی تلاوت دیکھ کر کرنا افضل ہے یا زبانی؟ بیان فرمائیے۔

سوال نمبر 9: قرآن میں لفظ "الھدیٰ" کتنے معانی میں استعمال ہوا ہے؟ کوئی سے تین معانی تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 10: "أباريق" کس زبان کا لفظ ہے؟

سوال نمبر 11: حضرت خضر علیہ السلام نے جس دیوار کو سیدھا کیا اس کی بلندی کتنی تھی؟

سوال نمبر 12: حضرت زکریا علیہ السلام اور آپ کی زوجہ کو کس عمر میں بیٹے کی خوشخبری دی گئی؟

سوال نمبر 13: سورۃ مریم میں مذکور حضرت اسماعیل علیہ السلام کے اوصاف بیان کیجئے۔

سوال نمبر 14: ﴿لَا يُسْئَلُ عَمَّا يَفْعَلُ وَهُمْ يُسْئَلُوْنَ﴾ مذکورہ آیت کا ترجمہ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 15: "اُف" کا کیا معنی ہے؟

سوال نمبر 16: حضرت سلیمان علیہ السلام کے لیے کیا کیا چیزیں مسخر کر دی گئی تھیں؟

سوال نمبر 17: "وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ يا محمد اِلَّا رَحْمَةً ای للرحمة لِّلْعٰلَمِيْنَ الانس و الجن بک" آیت کی تفسیر کی اغراض مفسر بیان کیجئے۔

سوال نمبر 18: "الرکّع"، "السجود" کون سے صیغے ہیں اور ان کی تفسیر کیا ہے؟

سوال نمبر 19: "هيهات هيهات" کون سے صیغے ہیں نیز ان کا معنی کیا ہے؟

سوال نمبر 20: حضرت ابراہیم اور لوط علیہما السلام کا آپس میں کیا رشتہ تھا؟ بیان کیجئے۔

طویل سوالات (Long Questions)

نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔ (3x10=30)

سوال نمبر 1: قرآن پاک میں سب سے پہلے کیا نازل ہوا؟ چاروں اقوال تحریر کرتے ہوئے صحیح قول کی نشاندہی دلیل سے کیجئے۔

سوال نمبر 2: کیا سبب نزول، تحدید حکم کے لیے اثر رکھتا ہے؟ وضاحت سے تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 3: اصول تفسیر کے اعتبار سے لفظ کو نکرہ لانے کے کل اسباب کتنے اور کون کون سے ہیں؟ ہر ایک کو مثال سے واضح کیجئے۔

سوال نمبر 4: ﴿قد افلح المومنون﴾ (سورۃ المؤمنون) اس میں کامیاب مومنوں کی کتنی اور کون کون سی خوبیاں بیان کی گئی ہیں؟ تفصیلا بیان کیجئے۔

سوال نمبر 5: "اَلَّذِيْنَ يَخْشَوْنَ رَبَّهُمْ بِالْغَيْبِ عن الناس أي في الخلاء عنهم وَهُمْ مِّنَ السَّاعَةِ أی أهوالها مُشْفِقُوْنَ أي خائفون وَهٰذَا أی القرآن ذِكْرٌ مُّبٰرَكٌ اَنْزَلْنٰهُ اَفَاَنْتُمْ لَهٗ مُنْكِرُوْنَ الاستفهام فيه للتوبيخ"

مکمل عبارت میں تفسیری الفاظ پر اعراب لگا آیات و تفسیر کا ترجمہ کیجئے نیز اغراض مفسر بیان کیجئے۔